## عوام میں تیزی سے بیداری آرہی ہے، اب انقلاب کا راستہ نہیں روکا جاسکتا۔ الطاف حسین

## عوام کی طاقت سے ملک کو ظالم جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور ملکی دولت لوٹنے والے تمام لٹیروں سے نجات دلائیں گے

## تعلیم سمیت زندگی کے ہر شعبہ سے دوہرا نظام ختم کریں گے اور ملک میں ایسا منصفانہ نظام قائم کریں گے کہ

## ملک کے کسی بھی کونے میں رہنے والے کسی شہری کے ساتھ کوئی ناانصافی نہ ہو

## مختلف شہروں اور بیرون ممالک سے فون کرنے والے نوجوانوں، بزرگوں، خواتین، طلبہ وطالبات اور سیاسی کارکنوں سے گفتگو

## قائدتحریک الطاف حسین سے بات کرنے کیلئے ملک کے مختلف شہروں اور بیرونی ممالک سے

## لوگوں کی ٹیلیفون کالز کی بھرمار، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی ٹیلیفون لائنیں جام ہوگئیں

## لوگوں نے کرپٹ نظام کی تبدیلی اور عوامی انقلاب برپا کرنے کے جراتمندانہ خیالات پر الطاف حسین کو زبردست مبارکباد پیش کی

## انقلاب کی جدوجہد میں ہرطرح سے آپکے ساتھ ہیں اور ہرقسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ قائدتحریک الطاف حسین سے عوام کے جذبات

لندن۔۔۔6 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں عوامی انقلاب کیلئے ملک بھر کے عوام اور دنیا کے مختلف ملکوں میں رہنے والے پاکستانیوں میں جس تیزی سے بیداری آرہی ہے اور وہ انقلاب کے پیغام پر جس جوش وجذبہ کا اظہار کررہے ہیں اسے دیکھ کر مجھے یقین ہے کہ اب پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کا راستہ نہیں روکا جاسکتا۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز پاکستان کے مختلف شہروں اور اور بیرون ممالک سے فون کرنے والے افراد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ واضح رہے کہ جب سے جناب الطاف حسین نے ملک سے کرپٹ نظام کے خاتمہ کیلئے انقلابِ فرانس کی طرز پر انقلابِ پاکستان کی بات کی ہے اس کے بعد سے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کو جناب الطاف حسین کیلئے بے پناہ فون کالز موصول ہورہی ہیں اور عوام جناب الطاف حسین سے اپنے جذبات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر جناب الطاف حسین نے عوام سے انکے خیالات جاننے کیلئے ہراتوار کو پاکستانی وقت شام پانچ بجے سے سات بجے تک عوام کی ٹیلیفون کالز وصول کرنے کا اعلان کیا تھا۔ گزشتہ روز بھی ملک اور بیرون ملک سے لوگوں کے بڑی تعداد میں فون موصول ہوئے۔ مقررہ وقت سے پہلے ہی ٹیلیفون کالز کی بھرمار کے باعث سیکریٹریٹ کی تمام ٹیلیفون لائنیں جام ہوگئیں۔ فون کرنے والے نوجوانوں، بزرگوں، خواتین، طلبہ وطالبات اور سیاسی کارکنوں نے ملک سے کرپٹ نظام کی تبدیلی اور عوامی انقلاب برپا کرنے کے جراتمندانہ خیالات پر جناب الطاف حسین کو زبردست مبارکباد پیش کی اور انہیں یقین دلایا کہ وہ انقلاب کی اس جدوجہد میں ہرطرح سے انکے ساتھ ہیں اور ہرقسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ عوام نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ہم تمام جماعتوں سے مایوس ہوچکے ہیں اور آپ ملک کو کرپٹ جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور کرپٹ عناصر سے نجات دلائیں۔ جناب الطاف حسین کو فون کرنے والے پاکستانیوں نے ملک میں عوامی انقلاب، نظام کی تبدیلی اور ایم کیوایم کو ملک بھر میں منظم کرنے کیلئے مختلف تجاویز بھی دیں۔ جناب الطاف حسین نے فون کرنے والے افراد کے خیالات اور تجاویز کا خیرمقدم کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام، موروثی سیاست اور کرپٹ سیاستدانوں سے بیزار ہوچکے ہیں اور عوامی انقلاب کیلئے پاکستان اور دنیا کے مختلف ملکوں میں رہنے والے پاکستانیوں میں جس تیزی سے بیداری آرہی ہے اور وہ انقلاب کے پیغام پر جس جوش وجذبہ کا اظہار کررہے ہیں اسے دیکھ کر مجھے یقین ہے کہ اب پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کا راستہ نہیں روکا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام کی طاقت سے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کریں گے اور ملک کو غریب ہاریوں، کسانوں اور مزارعوں پر ظلم کرنے والے جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور ملکی دولت لوٹنے والے تمام چوروں اور لٹیروں سے نجات دلائیں گے، تعلیم سمیت زندگی کے ہرشعبہ سے دوہرا نظام ختم کریں گے اور ملک میں ایسا منصفانہ نظام قائم کریں گے کہ جس میں ملک کے کسی بھی کونے میں رہنے والے کسی شہری کے ساتھ کوئی ناانصافی نہ ہو۔ عوام سے بات چیت کیلئے دوگھنٹہ کا وقت مقرر کیا گیا تھا لیکن عوام کی جانب سے بڑی تعداد میں موصول ہونیوالی کالز پر جناب الطاف حسین نے تین گھنٹہ تک عوام سے بات چیت کی تاہم اس کے باوجود سینکڑوں افراد جناب الطاف حسین سے فون پر بات چیت کرنے سے محروم رہے۔

## سیاسی، مذہبی اور سماجی تنظیمیں یوم دفاع انتہائی سادگی سے منائیں، الطاف حسین
## یوم دفاع کی تقاریب پر خرچ کی جانے والی رقوم سیلاب متاثرین میں تقسیم کردی جائے
## عوام عہد کریں کہ وہ ملک کی سالمیت کیلئے 6 ستمبر کی طرح آئندہ بھی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

لندن۔۔۔6 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے یوم دفاع کے موقع پر مسلح افواج کے جذبہ حب الوطنی اور وطن عزیز کے دفاع کیلئے ان کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج تحسین اور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے پوری قوم سے اپیل کی ہے کہ وہ یوم دفاع انتہائی سادگی سے منائیں اور 6 ستمبر کو پاکستان کا دفاع کرتے ہوئے شہید ہونے والے فوجی افسران اور جوانوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کریں۔ پاکستان کے 45 ویں یوم دفاع کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے جاگیرداروں، وڈیروں اور قومی لٹیروں نے پاکستان کی سلامتی و بقاء پر سوالیہ نشان کھڑے کردیئے ہیں تاہم پاکستانی عوام ایک زندہ قوم ہیں وہ وطن عزیز کے دفاع کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے سیاسی، مذہبی اور سماجی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ یوم دفاع کی رنگا رنگ تقاریب منسوخ کرکے ان تقاریب پر خرچ کی جانے والی رقوم کو سیلاب سے متاثرہ خاندانوں میں تقسیم کردیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج کے دن محبّ وطن عوام عہد کریں کہ وہ 6 ستمبر 1965ء کی طرح ملک کی سالمیت کیلئے آئندہ بھی کڑے سے کڑے امتحان میں مسلح افواج کے شانہ بشانہ کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

## لکی مروت کے پولیس اسٹیشن پر خودکش حملہ کرنے والے دہشت گرد دین اسلام اور انسانیت کے دشمن ہیں، الطاف حسین
## رمضان المبارک کی 27 ویں شب اور پاکستان کے معرض وجود میں آنے والے دن خودکش حملہ کرنے والے ملک دشمنوں کے ایجنٹ ہیں
## دہشت گرد عناصر گھناؤنی کارروائیوں کے ذریعہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش کررہے ہیں
## خودکش حملہ کی ترغیب دینے والے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے

لندن۔۔۔6 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ خیبر پختونخوا کے علاقے لکی مروت میں لکی پولیس اسٹیشن میں خودکش حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج رمضان المبارک کی 27 ویں شب ہے جس دن پاکستان معرض وجود میں آیا۔ ان سفاک دہشت گردوں نے اس مقدس دن بھی خودکش حملہ کرکے ثابت کردیا ہے وہ نہ صرف دین اسلام اور انسانیت کے دشمن ہیں بلکہ بیرونی ملک دشمن طاقتوں کے ایجنٹ اور ملک وقوم کے کھلے دشمن بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے وحشی درندے مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں اور یہ دہشت گرد عناصر گھناؤنی کارروائیوں کے ذریعہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ لکی مروت کے پولیس اسٹیشن پر خودکش حملہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور خودکش حملہ کی ترغیب دینے والے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## کوئٹہ میں یوم القدس ریلی پر خودکش حملہ میں زخمی ہونے والے سماء ٹی وی کے کیمرہ مین اعجاز رئیسانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ میں یوم القدس ریلی پر خودکش حملہ میں زخمی ہونے والے سماء ٹی وی کے کیمرہ مین اعجاز رئیسانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین اور سماء ٹی وی کے تمام عملے سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## لاہور کے لبرٹی چوک پر ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح افراد کے حملے پر الطاف حسین کا شدید اظہار مذمت

## ملک میں انقلاب آتا ہوا دیکھ کر تمام چوروں اور لٹیروں کی نیندیں حرام ہوگئی ہیں اور وہ غنڈہ گردی اور بدمعاشی پر اتر آئے ہیں

## اگر پنجاب میں میرے کسی بھی ساتھی کو کوئی گزند پہنچی تو پورے ملک میں شدید احتجاج کیا جائے گا اور بدمعاشوں کا جینا حرام کردیا جائے گا

## ایم کیوایم کے کارکنان اوچھے ہتھکنڈوں سے گھبرانے والے نہیں ہیں، غنڈہ گردی اور بدمعاشی کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دینا جانتے ہیں

## پنجاب کے حق پرست گبرونوجوان لاہور میں لبرٹی چوک پر ایم کیوایم کے امدادی کیمپ اور کارکنوں کی حفاظت کیلئے آگے آئیں

## لبرٹی چوک پر ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر کارکنوں سے گفتگو، الطاف حسین نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی

## لبرٹی چوک پر ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر فون کیا اور کارکنوں کی خیریت دریافت کی

لاہور۔۔۔6 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے لبرٹی چوک پر ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح افراد کے حملے اور لوٹ مار کی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لبرٹی چوک پر ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر فون کیا اور کارکنوں سے واقعہ کی تفصیلات اور انکی خیریت دریافت کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب میں عوام خصوصاً نوجوان جس تیزی سے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں اس سے گھبرا کر اور ملک میں انقلاب آتا ہوا دیکھ کر تمام چوروں اور لٹیروں کی نیندیں حرام ہوگئی ہیں اور وہ اب ایم کیوایم کے خلاف غنڈہ گردی اور بدمعاشی جیسے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح افراد کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جو عناصر بھی اس حملے میں ملوث ہیں میں ان غنڈہ عناصر اوران کے سرپرستوں کو واضح الفاظ میں بتادینا چاہتا ہوں کہ اگر پنجاب میں میرے کسی بھی ساتھی کو کوئی گزند پہنچی تو پورے ملک میں اس پر شدید احتجاج کیا جائے گا اور پورے ملک میں بدمعاشوں کا جینا حرام کردیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم اس قسم کے ہتھکنڈوں سے کسی بھی طرح مرعوب نہیں ہوں گے اور ہمت وحوصلے سے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔انہوں نے کہا کہ اگر پنجاب ہمارے خلاف اس طرح کے ہتھکنڈے بند نہ کئے گئے تو ہم بھی ملکی وبین الاقوامی قوانین کے تحت اپنے دفاع کا حق استعمال کرتے ہوئے اپنی حفاظت کا بندوبست کرنے پر مجبور ہوں گے، ہم نے نہ ماضی میں کسی کے ساتھ کوئی ناجائز عمل کیا ہے اور نہ اب کریں گے، ہم نے امن اور صبر سے ہر ہتھکنڈے کا مقابلہ کیا ہے لیکن اگر ہمارے کیمپوں پر حملے کئے گئے اور ہمارے ساتھیوں کے ساتھ غنڈہ گردی کا عمل کیا گیا تو غنڈوں، بدمعاشوں اور پیشہ ور قاتلوں کی خدمات حاصل کرنے والے اچھی طرح سمجھ لیں کہ ایم کیوایم کے کارکنان اس قسم کے اوچھے ہتھکنڈوں سے گھبرانے والے نہیں ہیں، ہم غنڈہ گردی اور بدمعاشی کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دینا جانتے ہیں۔ہم نہیں چاہتے کہ ہماری پرامن جدوجہد کا راستہ خونی انقلاب میں تبدیل ہوجائے ۔انہوں نے حکومت پنجاب سے کہا کہ ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر حملہ کرنے والے مسلح حملہ آوروں کو گرفتار نہیں کیا گیا تو ہم بھرپور احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں پنجاب کے حق پرست گبرونوجوانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ لاہور میں لبرٹی چوک پر ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کی حفاظت کیلئے آگے آئیں اور غنڈہ گردی کرنے والوں کو بتادیں کہ ہم اوچھے ہتھکنڈوں سے گھبرانے والے نہیں ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم پنجاب خصوصاً لاہور ڈسٹرکٹ کے کارکنوں سے کہا کہ وہ ہمت وحوصلے سے تحریکی کام کو جاری رکھیں اور یہ جان لیں کہ اب انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے اور چور، اچکوں، ڈاکوؤں کے نظام کے خاتمہ کا وقت آچکا ہے اور ملک لٹیروں، بدمعاشوں اور ملکی دولت لوٹنے والوں سے پاک ہونے والا ہے۔انہوں نے کہا کہ جن ساتھیوں نے مسلح غنڈوں کے حملے کو ہمت وحوصلے اور بہادری سے ناکام بنایا اور امدادی سامان اور عطیات کی حفاظت کی میں ان بہادر ساتھیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

## لاہور میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح دہشت گردوں کا حملہ

## دہشت گرد ڈارک گرے رنگ کی آلٹو یا کورے گاڑی نمبر LEF 2126 میں سوار تھے

## ''لاہور میں ایم کیوایم کو کام نہیں کرنے دیں گے''، دہشت گردوں کی دھمکیاں

لاہور۔۔۔6، ستمبر 2010ء

جدید اسلحہ سے لیس مسلح دہشت گردوں نے لبرٹی چوک لاہور میں قائم ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر حملہ کرکے کیمپ میں موجود کارکنان کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ دہشت گردی

کے واقعہ سے ایم کیوایم کے کارکنان میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔تفصیلات کے مطابق پیر کی دوپہر تقریباً ڈھائی بجے مسلح دہشت گردوں نے لبرٹی چوک لاہور میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر دھاوا بول دیا۔تین سے زائد یہ دہشت گرد ڈارک گرے رنگ کی آلٹو یا کورے گاڑی نمبر LEF 2126 میں سوار تھے جو کہ کلاشنکوف اور دیگر جدید ہتھیاروں سے لیس تھے۔ مسلح دہشت گردوں نے امدادی کیمپ میں موجود نقد رقم اور امدادی سامان لوٹنے کی کوشش کی تاہم کیمپ میں موجود ایم کیوایم لاہور کے ذمہ داران اور کارکنان نے ان کی کوشش ناکام بنادی۔ مسلح دہشت گردوں نے کیمپ میں موجود ایم کیوایم کے کارکنان کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے کہا کہ ''ہم تمہیں لاہور میں ایم کیوایم کا کام نہیں کرنے دیں گے اور ہم دیکھتے ہیں کہ تم لاہور اور پنجاب میں ایم کیوایم کا کام کیسے کرتے ہو''۔ بعدازاں دہشت گرد اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہوگئے۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ دارن اور کارکنان بڑی تعداد میں امدادی کیمپ پہنچ گئے اور ان کی جانب سے دہشت گردی کے واقعہ سے فوری طور پر مقامی پولیس کو اطلاع دی تاہم بروقت اطلاع دینے کے باوجود پولیس ایک گھنٹہ تاخیر سے پہنچی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔واضح رہے کہ لبرٹی چوک لاہور کا مصروف ترین علاقہ ہے جہاں ہر وقت پولیس موبائل کا گشت رہتا ہے تاہم ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر دہشت گردی کے موقع پر پولیس اہلکار علاقے سے غائب تھے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ٹھٹھہ کے علاقے بنوں اور پنجاب کے شہر ملتان میں سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں

## حیدرآباد سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب ٹھٹھہ کے سیلاب متاثرین کیلئے غذائی اجناس اور امدادی سامان پر مشتمل دو ٹرک روانہ کئے گئے

## ملتان کے ضلع کوٹ ادو کے نواحی گاؤں میں رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے سینکڑوں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان، نئے ملبوسات اور عید گفٹ تقسیم کیا

حیدرآباد۔۔۔6،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سیلاب زدگان کی امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں صوبہ سندھ کے شہر ٹھٹھہ اور صوبہ پنجاب کے شہر ملتان کے ہزاروں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان تقسیم کی گئیں۔حیدرآباد میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب متاثرین کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں دوٹرکوں پر مشتمل لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان ضلع ٹھٹھہ کے علاقے بنوں کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کیا گیا۔امدادی سامان میں متاثرین کیلئے آٹا، چاول، گھی، خشک دودھ، بسکٹس، منرل واٹر، کمبل، چادریں اور دیگر اشیاء شامل ہیں۔امدادی سامان کو ٹھٹھہ کے علاقے بنوں کے سیلاب متاثرین کیلئے حیدرآباد سے ایم کیوایم حیدرآباد کے زون کے زونل انچارج محمد شریف، اراکین زونل کمیٹی ڈاکٹر طاہر خانزادہ، فیروز خانزادہ، حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی وسیم حسین، اکرم عادل اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔اس سے قبل زونل انچارج محمد شریف نے امدادی سامان کا معائنہ کیا اور اس کے معیار کو چیک کیا انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔اسی طرح ملتان میں امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے ضلع کوٹ ادو کے نواحی گاؤں پریار کا دورہ کیا جہاں وہ گہرے سیلابی پانی اتر کر سیلاب متاثرین تک پہنچے۔انہوں نے سیلاب متاثرین سے ملاقاتیں کرکے ان کے مسائل معلوم کئے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سیلاب سے ہونے والے جانی ومالی نقصانات پر دلی ہمدردی کا ظہار کیا۔اس موقع پر انہوں نے سینکڑوں سیلاب متاثرین میں غذائی اجناس اور ضروریات زندگی کے دیگر سامان کے علاوہ نئے ملبوسات اور عید گفٹ بھی تقسیم کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہونے والے سالانہ امدادی پروگرام میں پانچ کروڑ روپے سے زائد مالیت کا امدادی سامان ونقد رقوم مستحقین میں تقسیم کی گئی

کراچی۔۔۔6،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہونے والے سالانہ امدادی پروگرام 2010 میں امداد کے طالب ہزاروں ضرورتمندوں، غرباء، مساکین اور دیگر مستحقین میں پانچ کروڑ روپے سے زائد مالیت کا امدادی سامان اور نقد رقوم تقسیم کی گئیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اتوار کے روز ہونے والے سالانہ امدادی پروگرام میں مستحق افراد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے 5 کروڑ روپے سے زائد کی مالیت کی امداد کے علاوہ ملک بھر میں سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد، انہیں غذائی اجناس کی فراہمی اور علاج ومعالجہ کی سہولیات کی مد میں 25 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی امداد کی جاچکی ہے۔ امدادی پروگرام کی تقریب کے شرکاء سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فونک خطاب بھی کیا۔ امدادی پروگرام کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں قناطیں اور ٹینٹ لگا کر بڑا پنڈال بنایا گیا تھا اور مستحقین کے بیٹھنے کیلئے کرسی نشستوں اور افطاری کا بڑے پیمانے پر اہتمام کیا گیا تھا۔ امدادی پروگرام سے شہر کے مضافاتی علاقوں سمیت مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے مستحقین ہزاروں کی تعداد میں مستفید ہوئے جن میں بلاتفریق رنگ ونسل ومذہب کے لوگوں کی بھی کثیر تعداد موجود تھی جنہیں امدادی اشیاء اور نقدم رقوم کے ٹوکن پہلے ہی جاری کئے جاچکے تھے۔ پنڈال میں مستحقین کو ان کی ضرورت کی اشیاء کے حساب سے مختص نشستوں پر بیٹھایا گیا جبکہ مستحقین کی نشستوں تک رہنمائی ایم کیوایم کارکنان اور کے کے ایف کے رضاکاروں نے انجام دیں۔ امدادی پروگرام میں سائیکل، وہیل چیئرز، واٹر کولر، راشن کے تھیلے، پھلوں اور سبزیوں سے لدے ٹھیلے، بیڈ شیٹ، ملبوسات، چادریں، پنکھے اور دیگر اشیاء کے بڑے اور الگ الگ اسٹال لگائے گئے جبکہ کیش رقوم کیلئے 3 کیش کاؤنٹر بھی بنائے گئے تھے۔ امدادی پروگرام میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹیز کے علاوہ ممتاز صنعت کاروں ومخیّر حضرات میاں زائد حسین، ایس ایم منیر، خالد تواب، جاوید غوری، جوہر قندھاری، احتشام الدین، رزاق ہاشم پروچا اور سینئر حسیب خان سمیت پاکستان فلم اور ٹیلی ویژن کے مایہ ناز فنکار روادار کار جاوید شیخ اور بہروز سبزواری نے مستحق نوجوانوں، بزرگوں، خواتین، بچوں اور معذور افراد میں 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت پر مشتمل امدادی سامان اور نقد رقوم اپنے ہاتھوں سے تقسیم کیں۔ امدادی سامان کو ضرورتمندوں غرباء، معزور افراد، اور مساکین میں ان کی عزت نفس اور وقار کو مجروح کیے بغیر ایک موثر نظام کے تحت تقسیم کیا گیا۔ امدادی پروگرام کے موقع پر ضرورتمندوں نے اپنے ٹوکن دکھا کر انتہائی آسانی اور سہولت کے ساتھ متعلقہ کاؤنٹر پر جاکر اپنی امداد وصول کیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## ملیر سیکٹر کے کارکن رئیس الدین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن رئیس الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اور کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## ملیر سیکٹر کے کارکن رئیس الدین کے انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔6،ستمبر 2010ء

ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن علالت کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم 1997 میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں معذور ہوگئے تھے۔ مرحوم کی عمر 39 سال تھی انکے سوگواران میں ہمشیرہ اور پھوپھی شامل ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن رئیس الدین کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا ظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ (آمین)

## رابطہ کمیٹی کا ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن خلیل کی بیوی محترمہ شبانہ بیگم اورایم کیو ایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن ندیم وہاب کی والدہ محترمہ کوثر وہاب کے انتقال پر دلی تعزیت کا ظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

## ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں قائد تحریک الطاف حسین اورانکے خاندان کے بارے میں کی گئی گمراہ کن باتیں
## قائد تحریک الطاف حسین اورانکے خاندان کی کردارکشی اورعوامی انقلاب کا راستہ روکنے کی نہایت بھونڈی کوشش ہے۔رابطہ کمیٹی
## ایم کیو ایم،قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کردارکشی کے اس عمل پر قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتی ہے
## رابطہ کمیٹی ان گمراہ کن باتوں کے بارے میں عوام کو جلد ہی حقائق سے آگاہ کرے گی

لندن۔۔۔6 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں قائد تحریک جناب الطاف حسین اوران کے خاندان کے بارے میں جو گمراہ کن باتیں کی گئی ہیں وہ ملک بھر کے عوام میں قائد تحریک الطاف حسین اورانکے خاندان کی کردارکشی اورعوامی انقلاب کا راستہ روکنے کی نہایت بھونڈی کوشش ہے۔ایم کیو ایم،قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کردارکشی کے اس عمل پر قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔رابطہ کمیٹی،قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بارے میں پھیلائی گئی ان گمراہ کن باتوں کے بارے میں عوام کو جلد ہی حقائق سے آگاہ کرے گی۔

☆☆☆☆☆